**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور**

**Ph.042-99200731,**
**99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

**پریس ریلیز**

**محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی پنیری کی منتقلی بارے ایڈوائزری جاری کر دی**

**لاہور09:جولائی2026 :**ایڈوائزری میں کاشتکاروں سے کہا گیا ہے کہ پنیری اُکھاڑنے سے ایک یا دو دن قبل دھان کی فصل کو پانی دیں تاکہ زمین نرم اور پنیری اکھاڑنے میں آسانی ہو۔قطاروں اور پودوں کا فاصلہ 9انچ رکھیں اور ہر سوراخ میں 2پودے لگائیں۔دھان کی پنیری کی منتقلی 1تا1.5انچ پانی میں کریں اورپہلے ہفتہ تک پانی کی گہرائی ترجیحاً2انچ تک رکھیں مگر یہ گہرائی3انچ سے زیادہ نہ ہونے پائے۔ایڈوائزری میں مزید کہا ہے کہ دھان کے کاشتکار پنیری کی منتقلی کے 10دن کے اندر پورے کریں۔ کدو شدہ کھیت کیلئے پنیری کی منتقلی کی عمر25تا30دن جبکہ خشک طریقہ کاشت کیلئے پنیری کی منتقلی35تا40دن ہونی چاہیے۔دھان کے کاشتکار زیادہ بارش کے بعد کھیت سے اضافی پانی نکال دیں۔ کھاد و زرعی ادویات کا استعمال بھی محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے بارش رکنے کے بعد کریں۔

****